فوری ریلیز کے لیے: 4/6/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا ریاست نیو یارک کے فنکاروں، فنون اور ثقافتی تنظیموں کے لیے $161 ملین کی دستیابی کا اعلان

مالی سال 2027 کے لیے کونسل برائے فنون کی گرانٹس کے پہلے راؤنڈ کے $81 ملین کے لیے رہنما ہدایات ابیہاں دستیاب ہیں

اضافی $80 ملین کی NYSCA کیپٹل فنڈنگ کے موقعے کا آغاز موسمِ خزاں میں ہو گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج مالی سال 2027 میں ریاست نیو یارک کے فنکاروں اور غیر منافع بخش فنون اور ثقافتی تنظیموں کے لیے گرانٹ فنڈنگ کی مد میں $161 ملین کا اعلان کیا ہے، جس کے پہلے راؤنڈ کی فنڈنگ، جو مجموعی طور پر $81 ملین ہے، کے لیے درخواستیں اب دستیاب ہیں۔ کیپٹل پروجیکٹ فنڈنگ کے لیے درخواستوں کا دوسرا راؤنڈ، جس کی کُل مالیت $80 ملین ہے، موسمِ خزاں 2026 میں شروع ہو گا۔ یہ مواقع ریاست نیو یارک کے بے مثال فنون اور ثقافتی شعبے کے لیے اس کی غیر متزلزل وابستگی کی عکاسی کرتے ہیں اور ان کا انتظام ریاست نیو یارک کی کونسل برائے فنون (New York State Council on the Arts, NYSCA) کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

"فنون اور ثقافت نیو یارک کے عالمی اثر و رسوخ کے اہم جزو ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "سیاحت کو فروغ دینے سے لے کر مضبوط نواحی علاقے بنانے اور کم عمر متعلمین کو شامل کرنے تک، ہمارے بے مثال ثقافتی شعبے کا اثر پوری ریاست میں محسوس کیا جاتا ہے۔ فنڈنگ کے یہ مواقع اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمارے فنکار اور ثقافتی تنظیمیں اپنی کمیونٹیز کو مضبوط کرتی رہیں اور دنیا کو متاثر کرتی رہیں۔"

گرانٹ کے ان مواقع میں تنظیموں کے لیے اہم نوعیت کی عمومی آپریٹنگ معاونت شامل ہے، جو ریاست بھر میں ہزاروں تنظیموں کی روزمرہ سرگرمیوں کے لیے فنڈنگ فراہم کرتی ہے، اس کے ساتھ فنکاروں کے لیے معاونت، ریہرسل کی سستی جگہ، لوک فنون کی اپرنٹس شپس، اور پرفارمنگ آرٹس کے سلسلے میں رہائش گاہوں کے لیے بھی معاونت شامل ہے۔ گرانٹ کے لیے درخواست کی رہنما ہدایات arts.ny.gov/OpportunityGuidelines پر دستیاب ہیں۔

پہلے سے ریکارڈ شدہ اپرچونٹی ویبینارز جمعہ، 5 جون 2026 کو NYSCA ویب سائٹ پر دیکھنے کے لیے دستیاب ہوں گے۔ ورچوئل دفتری اوقات پورے جون کے دوران منعقد ہوں گے۔ ویبینارز کے لیے رجسٹریشن، اور اس کے علاوہ تازہ ترین شیڈول، یہاں دستیاب ہو گا۔

درج ذیل مواقع کے لیے رہنما ہدایات NYSCA کی ویب سائٹ پر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہیں:

تنظیموں کے لیے امداد: اہل غیر منافع بخش فنون اور ثقافتی تنظیموں کے لیے لچکدار آپریٹنگ اور پروگراماتی فنڈنگ فراہم کرتا ہے۔ ایوارڈز کی حد $10,000 سے $49,500 تک ہے۔

فنکاروں کے لیے امداد: ریاست بھر میں انفرادی فنکاروں کو تخلیقی کمیشنز کے لیے فنڈ فراہم کرتا ہے۔ کمیشن کے شعبوں میں کوریوگرافی، کمپوزر، فلم، میڈیا، اور نئی ٹیکنالوجی، لوک اور روایتی فنون، بین الشعبہ جاتی، ادب، تھیٹر کمیشنز، اور بصری فنون شامل ہیں۔ ایوارڈ کی رقم $10,000 ہے۔

متعین شدہ مواقع کے لیے امداد:

- **پرفارمنگ آرٹس کے لیے ریہرسل اور اسٹوڈیو کی جگہ:** اس فنڈنگ کا مقصد تخلیقی ریہرسل کے وقت اور اُن تنظیموں کی مدد کرنا ہے جو غیر منافع بخش آرٹس گروپس اور فنکاروں کے لیے قابل عمل اور سستی جگہ فراہم کرتی ہیں۔ ایوارڈز کی حد $15,000 سے $35,000 تک ہے۔
- **لوک اور روایتی فنون کی اپرنٹس شپس:** اس فنڈنگ سے لوک فن میں تجربہ رکھنے والے افراد کو اپنی ہی کمیونٹی کے ماہر لوک فنکاروں کے ساتھ تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ ایوارڈ کی رقم $10,000 ہے۔
- **پرفارمنگ آرٹس کے لیے رہائش گاہیں:** اس موقعے کے ذریعے سے نیو یارک میں قائم پرفارمنگ آرٹس گروپس کی کم از کم مسلسل تین ہفتوں کی رہائش کی معاونت کی جاتی ہے، جو درخواست گزار کی آبائی کاؤنٹی اور نیو یارک سٹی سے باہر، ریاست نیو یارک کے کسی متعین شدہ علاقے میں ہو۔ ایوارڈز کی حد $15,000 سے $35,000 تک ہے۔

ری گرانٹس اور خدمات کے لیے معاونت: اس سے اسٹیٹ کمیونٹی ری گرانٹ (State Community Regrant) سائٹس کے لیے فنڈنگ کی معاونت ہوتی ہے، جو ریاست بھر میں واقع علاقائی فنون اور ثقافتی تنظیموں کا ایک نیٹ ورک ہیں اور اپنی مقامی مہارت کو بروئے کار لا کر فنکاروں اور غیر منافع بخش اداروں تک NYSCA کی گرانٹس کے اثرات کو وسعت دی جاتی ہے، اور ساتھ ہی شعبے کو خدمات فراہم کرنے والی تنظیموں کے لیے بھی فنڈنگ کی معاونت کی جاتی ہے۔ یہ موقع صرف بذریعہ دعوت نامہ دستیاب ہے۔

درخواست دینے کی آخری تاریخ 8 جولائی 2026، شام 5 بجے ہے۔ تمام درخواست گزاروں کو گرانٹ کے لیے NYSCA درخواست پورٹل میں درخواست دینے سے پہلے ریاست گیر مالیاتی نظام (Statewide Financial System, SFS) کے ذریعے پیشگی اہلیت کا عمل مکمل کرنا ہو گا۔ NYSCA درخواست دہندگان کو تاکید کرتا ہے کہ وہ جلد از جلد SFS میں پیشگی اہلیت کی کارروائی شروع کریں۔

کیپٹل پروجیکٹ گرانٹس (Capital Project Grants) کے مواقع کا اعلان موسم خزاں میں کیا جائے گا۔

ریاست نیو یارک کی کونسل برائے فنون کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Erika Mallin (ایریکا میلن) نے کہا، "گرانٹ کے یہ مواقع اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے فنکار اور تنظیمیں جدت لانے اور اگلی نسل کو متاثر کرنے کے لیے بااختیار ہیں۔ ہمارے تخلیقی شعبے میں کام کرنے والے ہر فرد کے لیے یہی پیغام ہے کہ: ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ درخواست دیں اور ہماری عظیم ریاست کے لیے اپنی اہم خدمات جاری رکھیں۔"

ریاست نیو یارک کی کونسل برائے فنون کے چیئر Patrick Willingham (پیٹرک ولنگہم) نے کہا، "ہمارے فنکار اور غیر منافع بخش تنظیمیں صرف ہماری ثقافتی زندگی میں حصہ نہیں ڈالتیں، وہ ہمیں تخلیقیت کا عالمی مرکز بھی بناتی ہیں۔ آج، ہم فنون کے مواقع میں $161 ملین کے ساتھ اس کامیابی کی معاونت کر رہے ہیں، جو ہماری تخلیقی معیشت میں ریاست نیو یارک کی سرمایہ کاری کو جاری رکھتی ہے۔"

ریاستی سینیٹر José M. Serrano (خوسے ایم سیرانو) نے کہا، "ہمارا فنون کا اور ثقافتی شعبہ کمیونٹی کی زندگی کا ایک بنیادی ستون ہے، جو ہمارے نواحی علاقوں کو مالا مال کرتا ہے، ہماری معیشت کو مضبوط بناتا ہے، اور یہاں رہنے، آنے اور کام کرنے والے ہر فرد کی فلاح و بہبود میں معاونت کرتا ہے۔ ریاست نیو یارک کو غیر معمولی بنانے والے ہمارے باصلاحیت فنکاروں اور پُرعزم ثقافتی تنظیموں میں سرمایہ کاری کر کے، ہم آنے والی نسلوں کے لیے تخلیقیت کے مرکز کے طور پر اپنا مقام یقینی بناتے ہیں۔"

رکن اسمبلی Ron Kim (رون کِم) نے کہا، "یہ مواقع ان محنتی فنکاروں اور ثقافتی تنظیموں کی معاونت کرتے ہیں جو ریاست بھر میں ہماری کمیونٹیز کو شاندار فوائد فراہم کرتی ہیں۔ مجھے فخر ہے کہ ریاست نیو یارک گرانٹ کے ان مواقع کے ذریعے اپنے طاقتور فنون اور ثقافتی شعبے کی معاونت کے لیے پُرعزم ہے اور میں اپنی تخلیقی کمیونٹی کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ درخواست دیں۔"

ریاست نیو یارک کونسل برائے آرٹس کا تعارف
ریاست نیو یارک کی کونسل برائے آرٹس کا مشن یہ ہے کہ ریاست نیو یارک کے فنون لطیفہ، ثقافت، اور تخلیقی صلاحیتوں کی مکمل وسعت کو فروغ دیا جائے اور اسے سب کے لیے قابل رسائی بنایا جائے۔ مالی سال 2027 کے لیے، کونسل برائے فنون کی جانب سے 161$ ملین ایوارڈ کیے جائیں گے، جو ریاست کے تمام 10 خطوں میں تنظیموں اور فنکاروں کی خدمت میں استعمال ہوں گے۔ کونسل برائے آرٹس فیلڈ میں رہنماؤں کو بلا کر اور تنظیمی اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع اور معلوماتی وسائل فراہم کر کے نیو یارک کی تخلیقی فضا کو مزید آگے بڑھاتی ہے۔ گورنر Nelson Rockefeller (نیلسن راک فیلر) کی جانب سے 1960 میں تخلیق کردہ اور گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور ریاست نیو یارک کی مقننہ کے تعاون سے جاری رکھی گئی یہ کونسل، ایک ایسی ایجنسی ہے جو ایگزیکٹیو برانچ کا حصہ ہے۔ NYSCA کے متعلق مزید معلومات کے لیے براہِ کرم www.arts.ny.gov ملاحظہ کریں، اور NYSCA کے Facebook پیج، X جو پہلے Twitter کے نام سے معروف تھا، پر @NYSCArts، اور Instagram پر @NYSCouncilontheArts پر اسے فالو کریں۔

###